# نشانِ راہ

سہ ماہی خبر نامہ

## ہم صبح یقیں صبح یقیں صبح یقیں ہیں



سہ ماہی رپورٹ

جنوری 2013 تا مارچ 2013

جماعت اسلامی ہند

جماعت اسلامی ہند، حلقہ مہاراشٹر

# نشانِ راہ

سہ ماہی خبرنامہ

## نقش قرطاس


| | | |
|---|---|---|
| تذکیر | مولانا ریاض احمد خان | 2 |
| عرض حال | شیخ متین (سیکریٹری حلقہ) | 3 |
| امیر حلقہ کے ڈیسک سے | توفیق اسلم خان (امیر حلقہ مہاراشٹر) | 4 |
| دعوت | | 5 |
| اسلامی معاشرہ | | 13 |
| ملی مسائل | | 14 |
| ملکی مسائل | | 16 |
| عالمی مسائل | | 20 |
| خدمت خلق | | 21 |
| تربیت | | 24 |
| تنظیم | | 26 |
| رابطہ عامہ | | 30 |
| خواتین | | 31 |
| جی.آئی.او | | 34 |
| یوتھ ونگ | | 35 |
| میڈیا | | 36 |



سہ ماہی رپورٹ

جنوری 2013 تا مارچ 2013


صرف نجی سرکولیشن کے لئے

نشانِ راہ میں اشاعت کیلئے سرگرمیوں کی رپورٹ و فوٹوگرافس
nishaneraah.jihms@gmail.com پر ای میل کریں۔

جماعت اِسلامی ہند


## جماعت اسلامی ہند، حلقہ مہاراشٹر

4، حامد بلڈنگ، 96، ایچ.اے.بی.مارگ، مومن پورہ، ممبئی 400011

فون نمبر 23082820 فیکس : 23052002

jihmaharashtra.org

office@jihmaharashtra.org.

jamaatms@gmail.com

jamaateislamimaharashtra@gmail.com


# ملک گیر مہم ''ملک بچاؤ ظلم و ناانصافی، غربت اور غلامی سے''

## 20 / ڈسمبر 2013 تا 19 فروری 2014




### سرمایہ دارانہ استعمار (Capitalism Imperialism)

- سرمایہ داروں کی حرص و ہوس • گمراہ کن معاشی پالیسیاں
- کارپوریٹ گروپس اور ملٹی نیشنل کمپنیوں کی اسیری و غلامی • اچھی اور معیاری تعلیم سے محرومی
- ورلڈ بینک، ورلڈ ٹریڈ آرگنائزیشن، آئی ایم ایف شکنجہ
- علاج و معالجہ اب صرف ایک خواب بن گیا ہے
- اچھی اور صحت مند غذا تو درکنار بھوک مٹانا بھی تقریباً ناممکن
- غریب عوام اور کسانوں کو حاصل مراعات (Subsidies) کا چھینا جانا




### رشوت اور بدعنوانی

- حکمراں طبقہ اور حزب مخالف دونوں ہی برابر کے شریک
- اربوں، کھربوں کی رقم بطور کمیشن یا رشوت
- ٹوجی اسکیم، کامن ویلتھ اسکینڈل، تابوت اسکینڈل، بوفورس گھپلہ
- ملکی خزانے کی بے تحاشہ لوٹ
- سرکاری آفسوں سے لے کر پولیس تھانوں تک رشوت کا گرم بازار
- غریب جنتا کے لیے بغیر رشوت کے جائز حق کا حصول بھی ناممکن



### فسطائیت اور فرقہ پرستی

- ہر سال سینکڑوں فرقہ وارانہ فسادات اور تشدد
- فسطائی اور فرقہ پرست رجحانات و نظریات کی حامل جماعتوں کی بڑھتی ہوئی طاقت
- سیکولر جماعتوں کا منافقانہ طرز عمل
- فسطائی ذہنیت اور عناصر کا دائرہ سیاست اور ایوانوں سے بڑھ کر طاقتور اداروں میں بھی یہ زہر سرایت کر جانا
- پولیس، انتظامیہ، سرکاری مشنری، میڈیا اور عدلیہ بھی فسطائیت اور فرقہ پرستی سے محفوظ نہیں
- اس زہر کے نتیجے میں اقلیتوں اور کمزور طبقات کو اپنا مادی و معنوی وجود بچانا ہی مشکل ہوگیا ہے



### شہری و انسانی حقوق

- بنیادی شہری حقوق کی پامالی ☆ اقلیتوں اور کمزور و پس ماندہ طبقات میں پیدا ہونے والا عدم تحفظ کا احساس
- دہشت گردی کے جھوٹے نام پر پولیس اور خفیہ ایجنسیوں کا مسلم نوجوانوں کی زندگیوں سے کھلواڑ
- جھوٹے مقدمات میں پھنسا کر جیلوں میں ٹھونس دیا جانا
- جیلوں میں مسلمانوں کا تناسب اپنی آبادی سے زیادہ
- انسداد دہشت گردی کے قانون UAPA کو مزید وحشی بنا کر پولیس کو جبر و تشدد و ناانصافی کا ایک اور ہتھیار فراہم کرنا
- مسلم تنظیموں کے احتجاجات، ذمہ داران حکومت سے ملاقاتیں اور میمورنڈم کا بے اثر ثابت ہونا

**اسی احساس کے تحت جماعت اسلامی ہند نے فیصلہ کیا ہے مذکورہ چاروں بنیادی مسائل کو لے کر ملک گیر مہم ''ملک بچاؤ ظلم و ناانصافی، غریبی اور غلامی سے''**

**ہم ملک کے باضمیر شہریوں سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ ملک کو بچانے کی اس مہم سے وابستہ ہو کر اس میں اپنا قرار واقعی رول ادا کریں۔**

# مشترک عظیم مقاصد کے حصول کے لئے باہمی جدوجہد

مولانا ریاض احمد خان
(رکن شوریٰ جماعت اسلامی ہند حلقہ مہاراشٹر)

اَنْ اَقِیْمُوا الدِّیْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِیْهِ

کہ اس دین کو قائم کرو، اور اس میں تفرقہ میں نہ پڑنا (الشوریٰ۔۱۳)

یہ حقیقت ہے کہ جب قوموں کے دل عظیم مقاصد، بلند عزائم اور اچھی امیدوں سے خالی ہو جاتے ہیں تو وہ باہمی اختلاف میں الجھ کر اتحاد و اجتماعیت سے دور ہو جاتی ہیں، اور نہایت حقیر، لا حاصل چھوٹے چھوٹے انتہائی غیر اہم مسائل پر ان کے درمیان جنگ و جدال کا معرکہ برپا رہتا ہے جس کا کوئی فائدہ نہ دنیا میں ہے، نہ ہی آخرت میں۔

اس کے ساتھ ایک دوسری حقیقت یہ بھی ہے کہ مشترک عظیم مقاصد کے حصول کی جدوجہد اور اس مشترک دشمن سے مقابلہ کا فیصلہ، قوموں اور ملتوں کے اندر، اخوت اور اجتماعیت پیدا کرنے کا محرک اور ضامن ہوتا ہے۔ اس لئے آج ملت اسلامیہ کے ساتھ اس سے بڑی کوئی خیانت نہیں ہو سکتی کہ امت کے موجودہ حالات، مشکلات اور مصائب کو نظر انداز کر کے، کوئی شخص امت کو عقیدہ و مسلک کے فقہی و فروعی مسائل میں الجھا دے۔ جن پر ماضی میں امت کے درمیان جنگ و جدال اور معرکہ آرائی ہو چکی ہے۔ جب کہ آج دور دور تک اس بات کی کوئی ادنیٰ امید بھی نہیں پائی جاتی کہ ان جزئی و فروعی مسائل میں پوری امت اسلامیہ باہم متفق اور متحد ہو سکتی ہے جو صحابہ کے مقدس گروہ کے درمیان مختلف فیہ تھے۔

اس سے بڑا المیہ اس امت کے لئے اور کیا ہو سکتا ہے کہ انتہائی تند و تلخ اور سخت لہجے میں ایک دوسرے پر تہمت لگائی جائے، الفاظ کے تیروں سے زخمی کیا جائے۔ فتووں کی توپیں نصب کر کے میدان کارزار گرم کیا جائے۔ ان اجتہادی و فروعی مسائل کی خاطر جن میں ایک سے زیادہ تاویل و تفسیر مقبول ہے ان مسائل میں مخاصمت اور جنگ و جدال کو کس طرح درست قرار دیا جا سکتا ہے۔ جن کی مختلف حالات و زمانے میں مختلف شکلیں ممکن ہی نہیں، ضروری بھی ہوتی ہے، جو اس دین کی وسعت اور رحمت پر دلالت کرتی ہیں، جن میں حق و صواب کو پا لینے والا مجتہد اگر دوہرے اجر کا مستحق ہے تو غلطی کرنے والا، مجتہد، صرف معذور و قابل معافی ہی نہیں بلکہ نص حدیث کی رو سے اجر پانے کا مستحق ہے۔

اس لئے آج امت کے تمام مفکرین اور داعیان اسلام پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ عام مسلمانوں کو دین کے اصولوں اور بنیاد پر جمع کر کے انہیں ایک ایسے اتحاد اور اجتماعیت میں باہم جوڑ دیں، جس کو اللہ نے بنیان مرصوص اور امت واحد کہا ہے اور یہ امت ایسی جامع اور انقلابی امت وسط بن جائے جو اسلام کے جامع اور مثبت فہم کی حامل ہو۔ سلفیت اور تجدید کی جامع امت۔ ثوابت اور تغیرات کے درمیان، توازن کی حامل امت۔ میراث اسلامی کے تحفظ کے ساتھ، مستقبل اسلام کے لئے منصوبہ ساز امت۔ اور اجتہادی و فروعی مسائل کی معرکہ آرائی سے محفوظ و مامون امت۔ تا کہ ہر شخص فروعی و اجتہادی امور و مسائل میں اپنے علم و اجتہاد کے مطابق، اپنے مسلک پر عامل رہتے ہوئے، امت اسلامیہ کی تعمیر جدید میں اپنا مشترک کردار حصہ ادا کر سکے۔ اور تواصی بالحق و تواصی بالصبر، شہادت علی الناس، امر بالمعروف والنہی عن المنکر اور اقامت دین کا جو عظیم مقصد، ذمہ داری اور بوجھ اللہ تعالیٰ نے پوری امت اسلامیہ پر ڈالا ہے، اس کا اٹھانا اس امت کے لئے آسان و سہل ہو جائے۔

# عرض حال

اللہ رب العزت کا شکر ہے کہ جماعت اسلامی ہند حلقہ مہاراشٹر کے تحت سہ ماہی خبر نامہ ''نشان راہ'' کا اجراء امیر جماعت محترم سید جلال الدین عمری صاحب حفظ اللہ کے ہاتھوں عمل میں آچکا ہے پہلے شمارے کی اشاعت پر قارئین نے خوشی کا اظہار کیا اور بعض حضرات نے مفید مشوروں اور تجاویز سے بھی نوازا۔ ہم ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے دُعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں ملت اور تحریک اسلامی کے لیے اپنا مطلوب رول و تعاون ادا کرنے کے لیے مزید طاقت عطا فرمائے۔ آمین

''نشان راہ'' کا یہ دوسرا شمارہ جو آپ کے ہاتھوں میں ہے، جماعت اسلامی ہند حلقہ مہاراشٹر کی سہ ماہی رپورٹ بابت یکم جنوری تا 31 مارچ 2013ء پر مبنی ہے۔

وابستگان جماعت سے خواہش کی جاتی ہے کہ ''نشانِ راہ'' کو معاشرے کے باشعور و با اثر شخصیات کے ہاتھوں میں پہنچانے کی سنجیدہ سعی کریں۔ جماعت اسلامی ہند حلقہ مہاراشٹر کے مقامی وضلعی ذمہ داران اور ریاستی سطح کے شعبہ جات وٹرسٹوں کے سکریٹریز سے بھی درخواست ہے کہ وہ اپنی سرگرمیوں کی جامع رپورٹ مع فوٹو گراف بروقت دفتر حلقہ ممبئی کو ارسال فرماتے رہیں و nishaneraah.jihms@gmail.com پر ای میل کریں۔

انشاء اللہ العزیز قارئین کے تعاون و خیر خواہی سے ''نشان راہ'' خوب سے خوب تر کی طرف گامزن رہے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کوشش کو ملت اسلامیہ اور تحریک اسلامیہ کے لیے سودمند اور وابستگان تحریک کیلئے مہمیز و اخروی نجات کا وسیلہ بنائے۔ آمین

شیخ متین

سکریٹری حلقہ، جماعت اسلامی ہند مہاراشٹر

امیر حلقہ
کی
ڈیسک سے

# ہم صبح یقیں صبح یقیں صبح یقیں ہیں

اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام میں ارشاد فرمایا ہے

وَمَن يَعْمَلْ مِنَ الصَّالِحَاتِ مِن ذَكَرٍ أَوْ أُنثَىٰ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَأُولَٰئِكَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُونَ نَقِيرًا (سورہ نساء ۱۲۴)

جو کوئی نیکیوں پر عمل کرے گا (خواہ) مرد ہو یا عورت اور صاحب ایمان ہو تو ایسے (سب) لوگ جنت میں داخل ہوں گے۔

ایک جگہ اور ارشاد ہوا ہے: لِيُعَذِّبَ اللَّهُ الْمُنَافِقِينَ وَالْمُنَافِقَاتِ وَالْمُشْرِكِينَ وَالْمُشْرِكَاتِ وَيَتُوبَ اللَّهُ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَّحِيمًا (سورہ احزاب ۷۳) انجام یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ منافق مردوں اور عورتوں اور مشرک مردوں اور عورتوں کو سزا دے گا اور ایمان والوں اور والیوں پر توجہ فرمائے گا اور اللہ بڑا مغفرت والا اور رحمت والا ہے۔

ان آیات سے یہ بات واضح طور پر سمجھ میں آتی ھیکہ اللہ تعالیٰ کے پاس اپنے احکامات کی پابندی کے ضمن میں مردوں اور عورتوں میں کوئی فرق نہیں ہے۔ نیک اعمال پر اجر و ثواب اور انعام اور نافرمانیوں اور برائیوں کے ارتکاب پر گرفت و سزا کے معاملے میں دونوں یکساں ہیں۔ صرف ان آیات میں نہیں قرآن میں کئی مقامات پر نیک اعمال کی تاکید اور گناہ سے بچنے کے سلسلے میں مرد اور عورت دونوں کو ایک ساتھ مخاطب کیا گیا ہے۔ نبی کریم ﷺ کے مبارک ارشاد میں بھی شریعت کی پابندی اور دین کے تقاضوں کی تکمیل میں مردوں اور عورتوں دونوں سے ہی تقاضے پائے جاتے ہیں۔ مردوں اور عورتوں کے دائرہ کار، حدود، اور میدان عمل میں یقیناً فرق پایا جاتا ہے لیکن ان میں اللہ کی بندگی و اطاعت اور دین پر عمل آوری اور اس کی خدمت کے بنیادی تقاضوں کے لحاظ سے کوئی فرق نہیں ہے۔ چنانچہ ابتدائے اسلام ہی سے قرآن و سنت کے بتائے ہوئے حدود میں رہ کر خواتین نے دین کی خدمت اور امت مسلمہ کے بنیادی فریضہ امر بالمعرف اور نہی عن المنکر کو بحسن خوبی انجام دیا۔ اس کے بعد کے ادوار میں بھی احیائے اسلام کی تحریکات میں عورتوں کا اہم حصہ رہا ہے۔

آج کے اس پر آشوب دور میں جبکہ شیطانی طاقتیں باطل افکار و مادہ پرستانہ نظریات اور فتنہ و فساد کا بازار گرم کیے ہوئے ہیں اور اس گرم بازاری کیلئے عورت کو بڑے حربے کے طور پر استعمال کر رہی ہیں، ضرورت ھیکہ عورت کے صحیح مقام و مرتبہ اور اس کے ذمہ داریوں کی یاد دہانی کرائی جائے۔ الحمد اللہ اسلام پسند خواتین اس کام کیلئے متوجہ بھی ہیں اور سرگرم کار بھی۔ دنیا کے مختلف ممالک میں اب خواتین بڑے منظّم اور منصوبہ بند طریقے سے اپنے دائرہ کار اور حدود کو ملحوظ رکھتے ہوئے دین اسلام کی خدمت و اشاعت کا فریضہ انجام دے رہی ہیں۔

جماعت اسلامی ہند بھی اپنی پالیسی و پروگرام اور سرگرمیوں کی انجام دہی میں مرد و خواتین کو یکساں طور پر مخاطب کرتی ہے۔ چنانچہ تحریک کی ابتدا ہی سے مرد حضرات کے علاوہ ہماری بہنیں شرعی حدود کی پابندی اور اپنے میدان کار میں حسب استطاعت سرگرم عمل ہیں مرکزی و ریاستی اور ضلعی و مقامی سطح پر علحدہ سے شعبۂ خواتین قائم ہے۔

ریاست مہاراشٹر میں جماعت کا شعبۂ خواتین مستحکم اور فعال ہے۔ سفر کی سہولت کا لحاظ کرتے ہوئے اسے دو حلقوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ دونوں ہی حلقوں میں ہماری یہ بہنیں وطنی بہنوں میں اسلام کی دعوت، مسلم معاشرہ کی اصلاح، خدمت خلق، جماعت سے وابستہ بہنوں کی تربیت جیسے محاذوں پر بہتر طریقے سے کارکرد ہیں۔ معاشرہ میں ان کی آواز اور سرگرمیوں کو زبردست پذیرائی حاصل ہوتی رہتی ہے۔ گذشتہ دنوں مہاراشٹر کے مختلف مقامات پر ہونے والی خواتین کانفرنسوں سے بھی اس کا اظہار ہو رہا ہے۔ ''میری بیٹی میری عزت'' اور ''اسلام کی بیٹی جاگ ذرا'' جیسے موضوعات پر ممبرا، اکولہ اور اورنگ آباد اور دیگر مقامات پر منعقدہ ان عظیم الشان کانفرنسوں میں بلا لحاظ مسلک ہزاروں خواتین نے شرکت کی۔ امید کہ اپنے دائرہ کار اور حدود میں رہ کر کی جانے والی خواتین کی یہ جدوجہد ہمارے گھروں، خاندانوں، اور معاشرہ کو اسلامی خطوط پر ڈھالنے میں اہم کردار ادا کریں گی۔

واضح ہو کہ خواتین کا اصل دائرہ کار اس کا اپنا گھر اور خاندان ہے۔ اگر وہ سماج کی تعمیر و اصلاح اور دین کے قیام کے دیگر محاذ و پر بھی اپنا کردار ادا کرنا چاہے تو انھیں شرعاً روکا نہیں جا سکتا۔ اگر وہ اپنے گھر اور خاندان پر ہی توجہ مرکوز کرنا چاہتی ہیں تو انھیں بیرونی محاذوں پر زبردستی نہیں لایا جا سکتا۔

دنیا بھر میں اسلامی بیداری اور دین کی اشاعت و اقامت، اس کے لیے جانفشانی و جدوجہد اور قربانیوں کی کیفیات دیکھیں تو احساس ہوتا ھیکہ ہماری بہنوں اور بیٹیوں کو اللہ تعالیٰ کی توفیق کا خاص حصہ عطا ہو گیا ہے۔ ان کے حوصلے اور جذبے دنیا بھر کی اسلامی تحریکات کیلئے مہمیز کا کام کر رہے ہیں۔

یہ مصرع خواتین ہی کیلئے شاید صادق آ رہا ھیکہ ؎ ہم صبح یقیں صبح یقیں صبح یقیں ہیں اللہ تعالیٰ سے دعا ھیکہ وہ ہماری ان بہنوں کی جدوجہد اور کاوشوں کا دنیا میں ثمر آور بنائے اور آخرت میں اس کا بہترین بدلہ دے (آمین)

توفیق اسلم خان
(امیر حلقہ جماعت اسلامی ہند، مہاراشٹر)

# شعبۂ دعوت

## خدا کی ہدایت سے محروم بندگانِ خدا میں کام جماعت کا روزِ اوّل سے اہم محاذ

| | |
|---|---|
| پیغامِ حق سے کما حقہ واقفیت حاصل کرنے والے افراد (داعی کے اطمینان کی حد تک) | 932 |
| معاون مرد | 220 |
| معاون خواتین | 53 |
| ہمہ وقتی دُعاۃ | 03 |
| ماہانہ کانتی | 637 |
| علاقائی رسالہ شودھن | 1163 |
| انفرادی و اجتماعی ملاقاتیں | 21783 |
| خاندانی روابط | 480 |

| | | |
|---|---|---|
| عوامی پروگرام (خطاب عام، عید ملن، قرآن پروچن) | 231 | استفادہ کنندگان 34070 |
| پوسٹل لائبریری | 01 | استفادہ کنندگان 66 |
| ویب سائٹ | 02 | استفادہ کنندگان 4825 |
| تقسیم قرآن مجید | 3500 | |
| تقسیم کتب | 2388 | |
| تقسیم کتابچے | 5588 | |
| تقسیم فولڈرس | 13463 | |
| ماہانہ دعوتی اجتماعات | 73 | استفادہ کنندگان 635 |

### مرکز توجہ امر کے سلسلہ میں کی گئی کوششیں:

برادرانِ وطن کی مختلف سماجی تحریکات کے ذمہ داروں سے خصوصی ملاقاتوں اُن کے اہم پروگراموں میں شرکت و اظہار خیال کا سلسلہ جاری ہے۔ نیز اُن تحریکات کے ساتھ مختلف سماجی مسائل پر گفت و شنید کا سلسلہ چل رہا ہے۔

الحمدللہ! حلقہ مہاراشٹر میں دعوت کا کام فطری رفتار سے جاری ہے۔ رفقاء کی جھجک دور ہو رہی ہے لیکن ابھی تک ہمارا کیڈر (ارکان و کارکنان) عملاً داعی بن کر کام نہیں کر پا رہے ہیں۔ فوکس ایشو کے تحت جو ٹارگیٹ ہے اس کے حصول کے سلسلے میں نظمائے ضلع کو دو سرکلر روانہ کئے گئے تا کہ وہ مقامی رفقاء کو اس جانب متوجہ رکھیں۔

## اسلامک مراٹھی پبلیکیشنز ٹرسٹ (IMPT) :

☆ اس سہ ماہ میں کم وبیش -/10,12,273 روپیوں کی کتابیں فروخت ہوئیں۔ ☆ قرآن مجید 7294 کی تعداد میں اور ایک کتاب کی 2100 کی تعداد میں اشاعت کی گئی۔ اور آوٹ آف پرنٹ کتابوں میں 22 کتابیں 2100 کی تعداد میں اور 8 کتابیں 1100 کی تعداد میں اشاعت کی گئی۔ ☆ تلخیص تفہیم القرآن (مراٹھی ترجمہ) جلد دوم کی پرنٹنگ جاری ہے۔ اندرون دو ماہ انشاءاللہ شائع کردی جائے گی۔

☆ دو مرتبہ بک اسٹال لگائے گئے۔




ناگپور یونیورسٹی میں دعوتی بک اسٹال




نیشنل بک فیر میں دعوتی بک اسٹال

## اسلام درشن ،اسلام ویژن ویب سائٹ:

اسلام ویژن انگریزی ویب سائٹ پر 3680 اور اسلام درشن ویب سائٹ پر 1145 افراد نے وزٹ کی۔ یہ ویب سائٹ 19,117 صفحات پر مشتمل ہے۔ اسلام درشن ویب سائٹ کو از سر نو تیار کیا گیا۔ 322 آرٹیکلز Upload کیے گئے۔ شودھن کے شماروں کو بھی Upload کیا گیا۔



برادران وطن کیلئے کلام اللہ کے ذریعے پروچن

## اسلامک دعوہ اینڈ انفارمیشن سینٹر :

حلقہ کی ہدایت کے مطابق کمیٹی تشکیل دی گئی۔ اس کمیٹی نے شارٹ ٹرم اور لانگ ٹرم منصوبہ مع بجٹ بنایا۔ محترم امیر حلقہ نے اس کی توثیق فرمادی۔

## نووار دین سینٹر (نو مسلموں کی تربیت گاہ) :

نووار دین (نومسلموں) کی تربیت کا سینٹر ناگپور ہی میں جاری ہے۔ اس دوران تین افراد نے تربیت حاصل کی۔ ذمہ داران اورنگ آباد کو بذریعہ ملاقات اورفون متوجہ کیا جاتا رہا لیکن ابھی تک کسی پیش رفت کی کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ ریاست کے چند مقامات پر بھی ان کی تربیت کا اہتمام کیا جارہا ہے۔



مشرف بہ اسلام ہونے والے نومسلموں کیلئے ناگپور میں تربیتی سنٹر

## موبائل بک وین :

موبائل بک وین نے 57 دن میں ریاست کے 57 مقامات کا دورہ کیا۔ اس دوران -/1,21,196 روپیوں کی کتابیں فروخت ہوئیں۔




اندھیری و ممبئی کے دیگر ریلوے اسٹیشنوں پر سیرت ﷺ پر مبنی بک اسٹال

## فیلڈ ورکرس کیمپ :

وابستگان میں دعوتی رجحان پیدا کرنے کے لئے مہاڑ، راہوری اور داپولی میں ایک ایک روزہ فیلڈ ورکرس کیمپ کا اہتمام کیا گیا۔ان تینوں کیمپوں سے 115 مرد، 52 خواتین اس طرح بحیثیت مجموعی 167 وابستگان نے استفادہ کیا۔اس موقع پر بشکل وفود 101 مرد، 35 خواتین اس طرح بحیثیت مجموعی 136 برادران وطن سے ملاقات کر کے لٹریچر قرآن مجید دیا گیا۔

## آکاش وانی اور چینل پر پروگرام :

سیرت کے موضوع پر جناب ڈاکٹر اکرام خان صاحب نے آکاش وانی پر چار مرتبہ تقاریر کیں۔اسی طرح لوکل ٹی وی چینل احمد نگر پر بھی چار مرتبہ خطاب کیا، جناب نوشاد عثمان صاحب نے دوردرشن سہیادری مراٹھی ٹی وی پر حضور ﷺ کی سیرت کے عنوان پر خطاب کیا۔دھرماتما کیبل ٹی وی پونے پر تقریباً روزانہ ڈاکٹر سید رفیق صاحب کی تقاریر کی CD نشر کی۔ڈھائی لاکھ افراد نے استفادہ کیا۔

## وکلاء میں مراٹھی ترجمہ قرآن کی تقسیم کا پروگرام:


مالیگاؤں میں مقامی عدالت کے بار روم میں وکلاء میں ترجمہ قرآن کی تقسیم کا پروگرام ہوا۔150 تا 175 وکلاء شریک تھے۔یہ پروگرام بار روم کے صدر جناب ایڈوکیٹ بچھاؤ صاحب کی صدارت میں ہوا۔سکریٹری شعبہ دعوت نے مراٹھی زبان میں قرآن مجید کا تعارف پیش کیا۔سوالات کے جوابات دئے۔اس کے بعد تمام وکلاء کو ہندی، مراٹھی، انگریزی قرآن مجید کی کاپیاں تقسیم کی گئیں۔وطنی بھائیوں نے اس پروگرام کو بہت پسند کیا۔




مرکزی سکریٹری شعبہء دعوت اقبال ملا صاحب پوسد میں برادران وطن سے مخاطب



مالیگاؤں کے وکلاء میں تقسیم قرآن کا پروگرام






میرا روڈ ممبئی میں برادران وطن کیلئے اسلام کے تعارف پر مبنی بک اسٹالس

## وطنی بھائیوں کے لئے سیرت النبیؐ کے پروگرام:

سیکریٹری ومعاون سیکریٹری شعبۂ دعوت ، ڈاکٹر سید رفیق صاحب ، ڈاکٹر اکرام خان صاحب ، محمد حقانی صاحب ، نوشاد عثمان صاحب ، عبدالمجیب صاحب دیونی کر، عبدالواجد قادری صاحب اور دیگر مراٹھی مقررین نے اور ڈاکٹر عمر کہاڑے صاحب نے تقریباً 50 مقامات پر وطنی بھائیوں کے لئے سیرت کے پروگرام میں خطاب کیا۔ شرکاء کی مجموعی تعداد 25000 سے زائد تھی۔




ممبئی میں سیرت النبی ﷺ پر تعارفی مہم



۱۲/ربیع الاوّل کے موقع پر غیر مسلم طلبہ طالبات کیلئے دعوتی پروگرام




ناندیڑ میں تعارف سیرت النبی ﷺ پر مختلف پروگرامس

### خطابات:

- ڈاکٹر سید رفیق صاحب نے مسلم مراٹھی ساہتیہ جلگاؤں، ودروہی ساہتیہ سمیلن راہوری نیز پر یورتن وادیوں کی جانب سے منعقدہ شولا پور کے سمیلنوں سے خطاب کیا۔ اسی طرح تقریباً پندرہ سے بیس مقامات پر غیر مسلموں کے سپتاہ کے پروگرام میں خطاب کیا۔ جناب مشتاق صاحب احمد نگر نے ودروہی ساہتیہ سمیلن میں خطاب کیا۔ شرکاء کی مجموعی تعداد 20 تا 25 ہزار ہوگی۔
- ڈاکٹر سید رفیق صاحب نے 3 کالجس وہائی اسکول اور جناب محمد حقانی صاحب نے اودگیر کے کالج میں سیرت کے موضوع پر خطاب کیا۔
- آلندی کے مقام پر پتر کاردن کے موقع پر 250 اخباری نمائندوں سے ڈاکٹر سید رفیق صاحب نے خطاب کیا۔






پاتھری میں ''خواتین کا اسلام میں مقام'' کے موضوع پر دعوتی خطاب عام

- پونا میں پچاس سے زائد مراٹھی زبان میں تحقیق کرنے والے (PH.D) اور مضامین لکھنے والے 50 سے زائد افراد کا ایک کیمپ لیا گیا جس میں ڈاکٹر سید رفیق صاحب نے خطاب کیا۔
- جناب ڈاکٹر سید رفیق صاحب اور ڈاکٹر اکرام خان صاحب نے 05 مقامات پر مراٹھی زبان میں نکاح کے سلسلے میں تقاریر کیں۔ 3000 سے زائد افراد نے شرکت کی جس میں نصف وطنی بھائی بھی تھے۔
- جناب محمد سمیع صاحب اور جناب ڈاکٹر اکرام خان صاحب نے جلگاؤں اور سنگم نیر میں وطنی بہنوں سے خطاب کیا۔ یوم خواتین کے موقع پر لڑکیوں کا ماؤں کے پیٹ میں قتل نیز خواتین پر مظالم ان کا تدارک ان عنوانات کے تحت اظہار خیال کیا گیا۔






امسال بھی ناندیڑ میں روایتی ڈنڈی یاتریوں کیلئے اسلام کی دعوت پر مبنی پروگرام

## اخبارات میں مضامین:

جناب فقیر محمد صاحب پونے نے روزنامہ سکاڑ میں ماہ ربیع الاول کی مناسبت سے روزانہ مضامین لکھے جو اس اخبار میں شائع ہوئے۔ بعد میں اس کو کتابی شکل دی گئی
جناب ڈاکٹر اکرام خان صاھب نے اخبارات میں 14 مضامین لکھے۔

## آدیباسی ، تڑوی پٹھانوں میں کام:

☆ جناب حبیب خان تڑوی نے ان تین ماہ میں 191 تڑوی بھائی بہنوں سے انفرادی ملاقات کی۔ انھیں اسلام، مسلم اور بنیادی باتیں بتائیں۔ 33 تڑوی پٹھان فیمیلی سے ملاقات کی گئی۔ اسلام سے متعلق تفصیلات پیش کی گئیں۔ 9 بیماروں کی عیادت کی گئی۔ ان میں سے بعض کو اسپتال لے جایا گیا۔ 3 افراد کو مالی تعاون دیا گیا۔ 12 افراد کے گھر کل اور دیگر معاملات کو آفیسران کے سامنے پیش کیا گیا۔ دو تین خاندانوں کے درمیان میاں بیوی کا تنازع تھا اسے ختم کیا گیا۔ جانوری مقام پر تڑوی پٹھان بھائیوں کا ایک روزہ اجتماع ہوا۔ اطراف کے تین مقامات کے ذمہ داران بھی اجتماع میں شریک تھے۔ سیکریٹری شعبہ دعوت نیز مقامی امیر فیض پور نے خطاب کیا۔ کل شرکاء 60 افراد اور 20 بچے تھے۔ ☆ الحمدللہ ست پڑا کے دامن میں یاول تعلقہ میں موہ مانڈلی (جونی) اس مقام پر دعوتی کام جاری ہے۔ ان کی بستی میں آگ لگ گئی تھی۔ جناب حبیب خان صاحب نے بعد میں اس بستی کا دورہ کیا۔ متاثرین کی مدد کی اور انہیں تسلی دی۔ حکومت سے بھی اس کے اخراجات کی بھرپائی کی کوشش کی۔ 98 وطنی بھائیوں سے ملاقاتیں کی گئیں۔


## مقامی جماعتوں کو مراٹھی /ھندی ترجمہ قرآن:

مقامی اور ضلعی سطح کے وطنی بھائیوں کے بااثر افراد تک مراٹھی / ہندی ترجمہ قرآن پہنچانے کے لئے 2150 مراٹھی ترجمہ قرآن اور تقریباً 1200 ہندی ترجمہ قرآن کی کاپیاں نظمائے ضلع کو روانہ کی گئی۔





مہاراشٹر کے مختلف مقامات پر برادران وطن میں تقسیم قرآن






## وطنی بھائیوں کی سماجی تنظیموں سے روابط:

حلقہ مہاراشٹر میں مراٹھا سیوا سنگھ، بام سیف، سیکولر اتھیکس اینڈ ہیومینیٹی کے ذمہ داران سے مسلسل ربط جاری ہے۔ سندھ کھیڑ راجہ کے مقام پر ہونے والے جِجاؤ مہتسو میں سکریٹری، معاون سکریٹری شعبہ دعوت، ڈاکٹر سید رفیق صاحب، جماعت اسلامی ہند جالنہ اور بلڈانہ ضلع کے رفقاء نے شرکت کی۔ مراٹھا سیوا سنگھ کے بانی جناب انجینئر پروشوتم کھیڑے کر صاحب، ڈاکٹر آ ہا ساڑ ونکھے صاحب، انجینئر سریش جادھو صاحب اور دیگر ذمہ داران سے ملاقاتیں کی گئیں۔ -/35000 روپے کا لٹریچر تقسیم کیا گیا اور 200 سے زائد قرآن مجید کی کاپیاں تقسیم کی گئیں۔ مراٹھا سیوا سنگھ کے افراد بھی جماعت اسلامی کے تحت ہونے پریشیت پر یچے سمیلنوں میں شریک ہوئے۔ اسی طرح بام سیف کے ساتھ دو مرتبہ نشستیں ہوئیں۔ کامن منیمم پروگرام CMP کے سلسلے میں تبادلہ خیال کیا گیا۔ ان کی طرف سے جو مسودہ حاصل ہوا تھا اس پر کمیٹی کے افراد نے غور وخوض کرنے کے بعد کچھ حذف واضافہ کرکے بام سیف کے ذمہ داران کو وہ مسودہ واپس دیا گیا۔ ان کے ساتھ یک روزہ نشست ہوئی۔ انھوں نے فائنل مسودہ دینے کا وعدہ کیا۔ ان سے کہا گیا کہ اس مسودہ کو شوریٰ کی منظوری کے بعد حتمی شکل دی جائے گی۔



مراٹھا سیوا سنگھ کے بانی صدر پروشوتم کھیڑے کر کیساتھ
مہاراشٹر کے سکریٹری شعبۂ دعوت محمد سمیع صاحب



شیودھرمیوں کی کانفرنس کے موقع پر مختلف دعوتی سرگرمیاں

## دورۂ جات :

سکریٹری شعبہ دعوت نے 53 یوم میں 28 مقامات، جناب حبیب خان تڑوی صاحب (فارغ کارکن برائے آدیباسی) نے 75 یوم میں 47 مقامات، جناب ڈاکٹر اکرام خان صاحب نے 20 دن میں 18 مقامات، ڈاکٹر سید رفیق صاحب نے 30 یوم میں 35 مقامات۔ جناب امتیاز شیخ صاحب نے 6 یوم میں 3 مقامات کا دورہ کیا اور ڈاکٹر عمر کہاڑے صاحب نے 06 یوم میں 04 مقامات کا دورہ کیا۔ اس طرح بحیثیت مجموعی شعبہ کے ذمہ داران نے 231 یوم فارغ کیے۔









## شعبہ و ٹرسٹ کی میٹنگ:

IMPT کی سالانہ میٹنگ لی گئی۔ نئے افراد کو شامل کیا گیا۔ آمد و خرچ کے حسابات پیش کئے گئے۔ جناب عبدالعظیم صاحب کو جوائنٹ سیکریٹری مقرر کیا گیا۔ ٹرسٹ کے ملازمین کو scale پر لیا گیا۔ شعبہ دعوت کے ارکان کی میٹنگ لی گئی۔ دو سالہ منصوبے کا جائزہ لیا گیا۔ ایک سالہ رپورٹ تیار کی گئی۔ طے شدہ امور اور اسٹڈی سیل کے Follow-up کا جائزہ لیا گیا۔

دوران مدت شعبہ کی جانب سے 06 عدد خطوط و مراسلے اور 09 عدد سرکلر جاری کیے گئے۔



ہفتہ تعارف سیرت ﷺ کے موقع پر مختلف مقامات پر دعوتی پروگرام

## مسلم معاشرے کو اسلامی خطوط پر ڈھالنے اور افراد کی زندگیوں کو صحیح اسلامی فکر سے آراستہ کرنے کیلئے مختلف ذرائع کا استعمال

| | | |
|---|---|---|
| اسلام کی عائلی تعلیمات سے کماحقہ واقفیت حاصل کرنے والے افراد | 1936 | |
| ان مساجد کی تعداد جو مرکز تعلیم و تربیت ہیں | 132 | |
| سہ روزہ دعوت | 721 | |
| ماہانہ زندگی نو | 613 | |
| ہفتہ روزہ ریڈینس | 106 | |
| ماہانہ کانتی | 188 | |
| انفرادی واجتماعی ملاقاتیں | 28577 | |
| عوامی پروگرام | 207 | استفادہ کنندگان 61679 |
| سمپوزیم | 01 | استفادہ کنندگان 500 |
| نوجوانوں کے خصوصی پروگرام | 53 | استفادہ کنندگان 2779 |
| تقسیم قرآن مجید | 129 | |
| تقسیم کتب | 699 | |
| کتابچے | 2262 | |
| فولڈرس | 4104 | |
| دارالمطالعہ/ لائبریری | 28 | استفادہ کنندگان 3613 |
| اسٹڈی سرکلس | 18 | استفادہ کنندگان 232 |
| جمعہ، عیدین، نکاح کے خطبات | 800 | استفادہ کنندگان 70515 |
| علماء وآئمہ سے ملاقاتیں | 594 | استفادہ کنندگان 500 |

### مرکز توجہ امر کے سلسلہ میں کی گئی کوششیں:

حقیقی اسلامی معاشرہ کے قیام، عائلی تعلیمات کے فروغ اور مثالی اسلامی خاندانوں کی تشکیل کے سلسلے میں اولاً یہ کوشش کی جارہی ہے کہ وابستگان کی ان تمام پہلوؤں سے کماحقہٗ اصلاح ہو۔ اس کے لیے مقامی سطح پر مختلف النوع پروگرام منعقد کروائے جارہے ہیں تاکہ اگلے مرحلے میں وہ آگے بڑھ کر بااعتماد طریقے سے ملت میں اسی کام کو انجام دے سکیں۔

- ریاست میں جملہ 50 جماعتی وفود نکالے گئے۔ اس موقع پر ائمہ مساجد، علماء دین، حفاظ کرام، اساتذہ اور تعلیمی اداروں کے ذمہ داران سے ملاقات، کارنر میٹنگس، لٹریچر کی تقسیم، مساجد کی صفائی جیسے امور وسرگرمیاں انجام دی گئیں۔

## مسلمانوں کی تعلیمی و معاشی پسماندگی کے ازالہ تعلیم، کریئر و مختلف میدانوں میں جماعت کی عملی جدوجہد

- مرتدین سے روابط — 02
- جملہ تعلیمی اداروں کی تعداد — 63
- قادیانیت کے سدباب کے لیے فولڈرس/ کتابچوں کی تقسیم — 05
- دیگر تعلیمی اداروں سے ربط — 55
- جماعت کی کوششوں سے برسرروزگار ہونے والے افراد — 120
- ملی ایشوز پر خطابات — 10 (استفادہ کنندگان 22227)
- جماعت کے زیرانتظام زکوٰۃ کا اجتماعی نظم مقامات کی تعداد — 120
- ملی ایشوز پر پریس کانفرنس — 03
- جماعت کی کوششوں سے ملت میں زکوٰۃ کا اجتماعی نظم مقامات کی تعداد — 11
- پریس ریلیز — 05

| دینی ادارے | مکاتب | جملہ مدارس | اقامتی مدارس | مراکز بالغان وبالغات | مراکز فاصلاتی تعلیم | تعطیلاتی کلاسز | جزوقتی مکتب |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تعداد ادارے | 08 | 10 | 07 | 05 | 01 | 01 | 58 |
| طلبہ | 305 | x | 150 | 49 | 01 | 35 | 508 |
| طالبات | 118 | x | 15 | 17 | 15 | 20 | 635 |

- پری پرائمری اسکول ر پرائمری اسکول — 27
- TV پروگراموں میں شرکت — 03
- ہائی اسکول — 15
- دارالقضاء — 01
- کالجس — 3
- تصفیہ کمیٹیاں — 03

# اوقاف سیل

## اوقافی جائیدادوں سے متعلق بیداری کے پروگرام: -

اس سلسلہ میں مقامی اُردو اخبارات میں مراسلے ومضمون شائع کرائے گئے۔شہر میں ہونے والی تقاریب اور مجالس میں اوقاف سیل کی سرگرمیوں کا تعارف کرایا گیا۔ وقف بورڈ میں اپنے مقدمات لے کرآنے والوں سے بھی ملاقاتیں کر کے انہیں دیگر پریشان حال ان حضرات تک بات پہنچانے کی درخواست کی۔

## اوقاف کے مسائل کے حل کی ممکنہ کوششیں: -

7عدد مقدمات داخل کیے۔آکولہ کی مسجد کے دُکانوں کا کرایہ بڑھانے کی کوشش کی گئی۔پرتور کی مسجد کے لیے خط لکھا گیا۔

☆ جامع مسجد شاہ پور کی شیڈول نمبر 1 جو وقف پراپرٹی کا اہم ڈاکیومنٹ ہے، یہ ڈاکیومنٹ وقف بورڈ کے کرمچاری کہتے ہیں کہ اسسٹنٹ چیرٹی آفس ضلع تھانہ سے نہیں آیا باقی دوسرے سبھی ڈاکیومنٹس یہاں پر پہنچے ہیں یہ شیڈول 1 اسسٹنٹ چیرٹی آفس نہیں بھیجا کہہ کر اوقاف سیل کی طرف سے شیڈول نمبر 1 وقف بورڈ کو بھیجنے کے لیے خط لکھا گیا۔اس کی کاپی منترالیہ کے تعلق سے مائناریٹی کمیشن کو دی گئی۔مائناریٹی کمیشن نے شیڈول نمبر 1 حاصل کا خط بورڈ کو دے کر اُس کی کاپی اوقاف سیل کو دی ہے۔

☆ اہم کارکن ورکر مہاراشٹر راجیہ ومنڈل کو خط لکھا گیا کہ وقف ٹریبونل، ہائی کورٹ، سپریم کورٹ نے وقف کو آپریٹیو کے کتنے کیس داخل ہیں۔جو وقف پراپرٹی بچانے کے لیے کیے گئے ہیں۔

☆ لاتور کے اعظم گنج کامپلیکس میں بیت المال کے آفس کا کرایہ کم کرنا تھا۔ وقف بورڈ کو جا کر اہم کارکن ورکر مہاراشٹر راجیہ وقف کمیٹی سے یہ کرایہ کم کرایا گیا۔

☆ لال مسجد اورنگ آباد کے کمیٹی کی کارروائی کے لیے درخواست دی گئی۔

☆ بیمبڑی ضلع عثمان آباد میں دوسرے آدمی نے زمین آٹھ ایکڑ اپنے قبضے میں لے کر 7/12 میں نام درج کروالیا ہے۔تو اس کا نام 7/12 سے نکالنے کے لیے وقف بورڈ سے خط چاہیے تھا وہ خط تیار کیا گیا۔

☆ مسجد چوک پرتور ضلع جالنہ کی انعامی زمین کی 1995 سے لاوَنی نہیں ہوئی۔اس کی لاوَنی کرنے کیلئے خط اہم کارکن ورکر مہاراشٹر راجیہ وقف کمیٹی کو دیا گیا۔

☆ اورنگ آباد شہر کے روزنامہ اخبار کے ایڈیٹر کو خط لکھا گیا کہ کوئی بھی وقف پراپرٹی کی نیوز آپ کے اخبار میں دینے کے لیے آئے تو اُن سے کہنا کہ وقف پراپرٹی کا حل کرنے کی کوشش کرنے کے لیے جماعت اسلامی ہند کی طرف سے اوقاف سیل کا دفتر کھلا ہے۔آپ اُن سے رابطہ کیجئے۔

☆ جالنہ روڈ اورنگ آباد کے احمد گجراتی درگاہ اور درگاہ سید داوَد صاحب کی زمین کے جو لوگوں نے غلط طریقے سے حاصل کیے ہیں اُن کے ڈاکیومنٹ نکالنے کے لیے رجسٹر آفس کے نائب منتظم، اورنگ آباد کے لینڈ ریکارڈ آفیسر، اورنگ آباد، کلیکٹر اورنگ آباد، سٹی سروے اورنگ آباد اور رجسٹری آفس میں نقل کے لیے درخواست دی گئی ہے۔

☆ پیر منصور شاہ شاہ پور اور مسلم جماعت مسجد کمیٹی ایسا دونوں بھی کمیٹی برخواست کرنے کی دو کیسیس داخل کیے ہیں۔

☆ 24/2/2013 کو اوقاف سیل ممبر کی میٹنگ دفتر اورنگ آباد میں ہوئی۔

☆ سرولا گاوَں ضلع لاتور کے ایک صاحب کو گرام سیوک سے وارث کا سرٹیفکیٹ دلوایا گیا۔

☆ کلیم الدین خان کو متولی بنانے کی فائل وقف بورڈ یہ کافی سال سے پینڈنگ ہے۔اہم کارکن ورکر مہاراشٹر راجیہ وقف کمیٹی نے بولنے کے بعد ان کو بھی متولی بنانے کا وعدہ کیا۔

☆ جنوری تا مارچ 2013 تک الگ الگ 72 خط لکھے گئے۔

☆ دوران مدت اوقاف سیل کی جانب سے 72 عدد خطوط و مراسلات جاری کیے گئے۔

# اس ملک کے مسائل کی یکسوئی بھی اُمت مسلمہ کا اہم فریضہ ہے

- ملکی و عالمی ایشوز پر عوامی پروگرام **06**
  استفادہ کنندگان **6000**
- پریس ریلز **03**
- پریس کانفرنسیں **03**

☆ کرپشن، مہنگائی، شراب کے خلاف بیداری کے سلسلے میں کوششیں:

نشہ آور چیزوں کے خلاف ممبرا میں ایک ریلی نکالی گئی۔ ایک بڑا جلسہ عام ہوا۔ ریلی میں ایک ہزار مرد و خواتین نیز جلسے میں تین ہزار مرد و خواتین نے شرکت کی۔ ریلی میں مہاراشٹر نشہ بندی منڈل نے تعاون کیا۔ سدھارتھ کالج میں نشہ بندی منڈل نے طلباء و طالبات کے لیے جلسہ کیا۔ اس میں شرکت کی گئی۔ بارسی ٹاکلی (آکولہ) میں یوم خواتین کے موقع پر مسلم غیر مسلم خواتین کی مشترکہ ریلی ''نشہ بندی'' کے لیے نکالی گئی جسے پریس نے بڑا کوریج دیا۔











ممبرا میں نشہ مخالف مہم








بارسی ٹاکلی میں شراب مخالف ہفتہ


بچاؤ !
• آئندہ نسل کو
• بچوں اور نوجوانوں کو
• خواب کی دنیا میں ڈوبے سماج کو
• شراب، سگریٹ، گٹکھا، چرس
اور نشہ کی لت کے
بھیانک انجام سے۔۔۔
نشہ مخالف مہم
۲۸ دسمبر تا ۱۳ جنوری
آیئے نشہ کے خلاف اس جہاد میں ہماری اس مہم کا حصہ بنیے
ANTI DRUGS CAMPAIGN
28 Dec to 13 Jan 2013
جماعت اسلامی ہند، ممبرا
Contact: 022- 25494251
Email: jihmumbra@gmail.com


شراب، گٹکا، چرس، افیم
چلاؤ اس کے خلاف مہم
ANTI DRUGS CAMPAIGN
28 Dec to 13 Jan 2013
جماعت اسلامی ہند، ممبرا
ontact: 022- 25494251 / Email: jihmumbra@gmail.com


للہ نے تمہیں عزّت دی
نشے نے، ذِلّت
ANTI DRUGS
28 Dec to 13 Jan 2013
جماعت اسلامی ہند، ممبرا
Contact: 022- 25494251 / Email: jihmumbra@gmail.co

☆ فرقہ وارانہ فسادات اور تشدد مخالف بل کو مرکزی حکومت نے سرد خانے میں ڈال رکھا ہے۔ اسے منظور کرانے کے لیے ممبئی میں دیگر تنظیموں کے ساتھ مل کر ایک تحریک شروع کی گئی۔ ابتداء میں 3 میٹنگیں ہوئیں اور مختلف تنظیموں کو اس میں جوڑا گیا۔ 4 عدد عوامی جلسے بمقام ممبرا، کاندیولی، ملاڈ اور میرا روڈ منعقد ہوئیں جن میں مسلم غیر مسلم مرد و خواتین شریک ہوئے۔ ایک پریس کانفرنس بھی ہوئی جسے پریس نے اچھا کوریج دیا۔

☆ دلتوں کی دلآزاری اور اُن پر ظلم کے خلاف جدوجہد:

بھٹکے ملت سماج کے ذمہ داران کے ساتھ مراٹھا سیوا سنگھ کے ذمہ داران نے ملاقات کروائی۔ یہ ایسا سماج ہے جن کا کوئی گھر بار نہیں ہوتا۔ یہ لوگ ادھر اُدھر بھٹکتے پھرتے ہیں۔ نہ ان کا راشن کارڈ ہوتا ہے نہ ووٹر لسٹ میں اندراج۔ ان کے مسائل کے حل کے لیے ان کے احتجاج میں شرکت کی گئی۔

☆ فحاشی وعریانیت اور سرمایہ دارانہ استحصال کے خلاف جدوجہد:

ہم جنسی اور عریانیت کے خلاف ''ہماری سنسکرتی'' نامی تنظیم کے جلسے میں شرکت کی گئی۔ حلقہ خواتین، GIO اور SIO کے وابستگان نے بھی اس پروگرام میں شرکت کی۔ جلسے میں اظہار خیال بھی کیا گیا۔ عریانی فحاشی کے خلاف ممبرا میں ''میری بیٹی میری عزت''، عظیم الشان کانفرنس منعقد کی گئی۔ ممبئی میٹرو حلقہ خواتین کا اہم پروگرام ''یوم خواتین'' کے ضمن میں برلا ہال بکنگ کی غلطی کی وجہ سے منسوخ کیا گیا۔

☆ ریاستی دہشت گردی مخالف:

ایڈووکیٹ محمود پراچہ کی ممبئی آمد پر ان کے ساتھ میٹنگ میں شرکت کی گئی۔ دہشت گردی کے اصل مجرم ڈیوڈ کولمین ہیڈلی کو ہندوستان لانے پر زور دینے کے لیے بھارج بچاؤ آندولن کی پریس کانفرنس میں شرکت کی گئی۔ APCR کی منصوبہ بندی میٹنگ میں شرکت۔










نوجوانوں کی بے جا گرفتاریوں کے خلاف ناندیڑ میں APCR کے تحت پریس کانفرنس اور معززیان شہر کی نشست

☆ ''مراٹھا سیوا سنگھ'' کے ساتھ مشترکہ طور پر ''سماجی ایکتا سمیلن'' کرنے کے لیے 2 میٹنگیں ہوئیں۔ اس کے لیے ''برلا ہال'' کی بکنگ مختص کی گئی۔ لیکن بابری مسجد انہدام کے بعد ہوئے ممبئی بم دھماکوں کے فیصلے آنے والے تھے پولس نے ممبئی میں ریڈ الرٹ ڈکلیر کیا تھا اسی لیے اس حساس پروگرام کی اجازت نہیں دی۔

☆ GIO قرآن وحدیث کے ذریعے دہشت گردی کی تربیت دیتی ہے۔ خبر مراٹھی سامنا میں ممبئی پولس کے ایک سرکلر لیک ہونے کی بناء پر چھپی۔ فوراً پریس ریلیز جاری کیا گیا۔ پولس، اخبار سامنا اور مائناریٹی کمیشن ریاستی سے ملاقاتوں کے لیے وقت لیا گیا۔ (تفصیلی رپورٹ آئندہ سہ ماہی)



६) गर्ल्स इस्लामिक ऑर्गनायझेशन (GIO)

ही संघटना जमात-ए-इस्लामी ची उप संघटना असून, केरळ राज्यात स्थापना झालेली आहे. महिलांनी जास्तीत जास्त इस्लाम धर्मातील 'कुराण' व 'हदीस' प्रमाणे आचरण करावे हा उद्देश आहे.

प्रमुख उद्देश - शाळा कॉलेजमध्ये जास्तीतजास्त तरुणींना कट्टर इस्लाम विचाराने प्रेरीत करून जिहादसाठी तयार करणे, धर्माचा प्रसार व प्रचाराद्वारे जगाचे इस्लामीकरण करणे हा आहे.

श्रीमती सालेहा बाजी या महाराष्ट्रातील प्रमुख आहेत.

श्रीमती सुमय्या- मुस्लीम तरुणींना जिहादसाठी तयार करण्याचे काम करत आहे.

**Girls Islamic Organisation under scanner of Mumbai Police Intel**





सावधान! देशाला आता महिला अतिरेक्यांचा धोका
गर्ल्स इस्लामिक ऑर्गनायझेशन तयार करतेय जिहादी

मुंबई, दि. २९ - देशभरात अतिरेक्यांचा नंगानाच सुरू असताना आता मुस्लिम महिलांनाही अतिरेकी बनविण्याचा कारखाना जोरात सुरू झाला आहे. गर्ल्स इस्लामिक ऑर्गनायझेशन (जीआयओ) ही महिलांची दहशतवादी संघटना तरुणींची माथी भडकविण्याचे काम करीत आहे. शाळा-महाविद्यालयातील तरुणींना जाळ्यात ओढत त्यांना धर्मांध बनवून जिहादसाठी तयार करण्यात येत असल्याने पोलिसांना ऍलर्ट राहण्यास सांगण्यात आल्याचे एका पोलीस अधिकाऱ्याने सांगितले.

'गर्ल्स इस्लामिक ऑर्गनायझेशन' ही केरळात स्थापन झालेली जमात-ए-इस्लामीची महिलांची उपसंघटना आहे. शाळा-महाविद्यालयातील तरुणींना कट्टरवादी बनवायचे. त्यातून जिहादी अतिरेकी बनवायचे असा या संघटनेचा अजेंडा आहे. मुस्लिम महिलांनी जास्तीत जास्त कुराण व हदीसप्रमाणे आचरण करावे असा फतवा गर्ल्स इस्लामिकने काढल्याचे एका वरिष्ठ पोलीस अधिकाऱ्याने सांगितले.

## دیگر سرگرمیاں:

☆ ممبئی کے تعلیمی اداروں آئیڈیل ہائی اسکول، الفلاح ہائی اسکول اور اسکالرس ہائی اسکول کے ذمہ داران سے اس وفد کی ملاقات کرائی گئی۔

☆ شعبہ ملکی و عالمی مسائل کی منصوبہ بندی اور بجٹنگ کے لیے 2 عدد میٹنگیں ہوئیں۔

☆ کے.کے. سہیل صاحب (میڈیا مرکز) کی ڈوکیومینٹری کے لیے ممبئی کے غیر مسلم عمائدین سے ملاقات کرانے میں مدد۔

☆ ابراہیم خلیل عابدی کے پروگرام ''ہماری قیادت کیسی ہو'' میں اظہار خیال کیا گیا۔

☆ دفتر حلقہ کمپلیکس کے لیے بھیونڈی زمین کے متعلق سابقہ مالکان سے 2 بار ملاقات کی گئی۔ نیز اسی سلسلے میں میرا روڈ میں ایک نئی جگہ دیکھی گئی اور میٹنگ کی گئی۔

☆ بھنڈی بازار ممبئی کمپلیکس کے متعلق وہاں کے ہائش پذیر لوگوں کی شکایت سننے کے لیے میٹنگ بلائی گئی۔

☆ جوگیشوری، ملاڈ، میرا روڈ اور نالہ سوپارہ سے لگ بھگ 150 افراد ''ظہور مہدی'' کے فتنے میں مبتلا ہو کر ممبئی سے ہجرت کر کے رتنا گیری کے جنگلوں اور پہاڑوں میں مقیم ہیں۔ ان میں کچھ نزدیک و دور کے راجستھانی افراد بھی ہیں۔ یہ واقعہ معلوم ہونے کے بعد راجستھانیوں کی 3 عدد میٹنگیں کی گئیں۔ 2 عدد پولس FIR کروائی گئیں۔

☆ فلسطین و دیگر عالمی مسائل سے متعلق کوششیں:

اسرائیل مخالف بینر ہٹانے کے سلسلے میں پولس کے خلاف کیس کرنے کے لیے ایڈووکیٹ مہر دیسائی سے ملاقات کی گئی۔ روسی قونصل جنرل سے حلقہ اور رابطہ عامہ کے ذمہ داران کے ساتھ ملاقات کی گئی۔ جماعت اسلامی بنگلہ دیش پر مظالم کے خلاف دیگر تنظیموں کے ساتھ مل کر پریس کانفرنس کی گئی۔ صدر، وزیر اعظم، وزیر داخلہ اور بنگلہ دیش سفیر کو میمورنڈم بھیجے گئے۔ فیس بک پر JIB مخالف پروپیگنڈہ مہم کی مخالف مہم میں شرکت کی گئی۔




**دورے:**

☆ سکریٹری ملکی و عالمی مسائل نے دوران مدت 05 یوم بیرون ممبئی اور 79 یوم دفتر ممبئی میں سرگرمیاں انجام دیں۔



## بلا لحاظ مذہب وملت محتاجوں اور ضرورت مندوں کی خدمت جماعت اسلامی کی شناخت ہے۔

### میڈیکل گائیڈنس سینٹر:

☆ دفتر حلقہ میڈیکل گائیڈنس سینٹر سے اس سہ ماہ میں کم وبیش 3661 مریضوں کی رہنمائی کی گئی۔ 116 مریضوں کے بائی پاس آپریشن، کینسر، کڈنی وغیرہ کے لیے -/43,57,100 روپے حکومتی اسکیم و دیگر اداروں سے فراہم کرکے مکمل علاج کروایا گیا۔ جے جے، نائر، سائن اور بامبے ہاسپٹلس میں 1575 مریضوں کی عیادت کی گئی۔ دفتر حلقہ سے مریضوں کو بطور فوری طبی امداد -/1,38,730 روپے دیئے گئے۔

☆ دفتر حلقہ سے 115 طلباء وطالبات کو -/5654 0 روپے تعلیمی امداد دی گئی۔

### سہولت مائیکرو فائنانس :

☆ سہولت مائیکرو فائنانس کی نگرانی میں ''یونٹ'' کی شاخوں کا قیام: .Dept. of Agri. & Coop میں رجسٹریشن کے لیے دوبارہ فائل جمع کی گئی تھی لیکن پھر سے .Dept نے کچھ بہانے کرکے Reject کردیا۔ اس ضمن میں RTZ میں Application ڈالی گئی۔



کُرلا ممبئی میں صحت وصفائی مہم




کُرلا ممبئی میں مفت طبی کیمپ

## خدمت خلق

| وقتی امداد | مستقل وظائف | مستقل روزگار کا انتظام | طبی امداد | تعلیمی امداد |
|---|---|---|---|---|
